# THE

# SENATE OF PAKISTAN

# DEBATES

*OFFICIAL REPORT*

Friday, the June 7, 2024

(339th Session)

Volume IV, No.01

(Nos. )

*Printed and Published by the Senate Secretariat, Islamabad*

Volume IV SP. IV(01)/2024

No.01 15

## Contents

1. Recitation from the Holy Quran ........ 1
2. Panel of Presiding Officers ........ 2
3. Leave of Absence ........ 2
4. Motion Under Rule 263 for Dispensation of the Question Hour ........ 4
5. Calling Attention Notice raised by Senator Samina Mumtaz Zehri pertaining to the statement by DG Immigration and Passports regarding proposed inclusion of "ex-husband category" in the passport data for women ........ 5
6. Point raised by Senator Jam Saifullah Khan, demanding legal action against the killers of journalist Nasrullah Gadani ........ 11
7. Calling Attention Notice by Senators Jam Saifullah Khan, Zamir Hussain Ghumro, Muhammad Aslam Abro, Poonjo and Syed Kazim Ali Shah regarding the inordinate delay in the completion of Sukkur-Hyderabad Motorway ........ 11
   - Senator Zamir Hussain Ghumro ........ 15
   - Senator Muhammad Aslam Abro ........ 16
   - Senator Poonjo ........ 17
   - Mian Riaz Hussain Pirzada (Federal Minister for Housing and Works) ........ 18

# SENATE OF PAKISTAN
# SENATE DEBATES

Friday, the June 7, 2024

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad at fourty five minutes past ten in the morning with Mr. Chairman (Syed Yousaf Raza Gilani) in the Chair.

----------------

## Recitation from the Holy Quran

أَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔

وَإِذْ يَرْفَعُ إِبْرٰهِمُ الْقَوَاعِدَ مِنَ الْبَيْتِ وَإِسْمٰعِيْلُ ۖ رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا ۖ إِنَّكَ أَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿١٢٧﴾ رَبَّنَا وَاجْعَلْنَا مُسْلِمَيْنِ
لَكَ وَمِنْ ذُرِّيَّتِنَا أُمَّةً مُّسْلِمَةً لَّكَ ۠ وَأَرِنَا مَنَاسِكَنَا وَتُبْ عَلَيْنَا ۚ إِنَّكَ أَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ﴿١٢٨﴾ رَبَّنَا وَابْعَثْ فِيْهِمْ رَسُوْلًا
مِّنْهُمْ يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِكَ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَيُزَكِّيْهِمْ ۖ إِنَّكَ أَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿١٢٩﴾

ترجمہ: اور یاد کرو، ابراہیمؑ اور اسماعیلؑ جب اس گھر کی دیواریں اٹھا رہے تھے تو دعا کرتے جاتے تھے: "اے ہمارے رب، ہم سے یہ خدمت قبول فرمالے، تو سب کی سننے اور سب کچھ جاننے والا ہے۔ اے رب، ہم دونوں کو اپنا مسلم (مطیع فرمان) بنا، ہماری نسل سے ایک ایسی قوم اٹھا جو تیری مسلم ہو، ہمیں اپنی عبادت کے طریقے بتا اور ہماری کوتاہیوں سے در گزر فرما، تو بڑا معاف کرنے والا اور رحم فرمانے والا ہے۔ اور اے رب، ان لوگوں میں خود انہی کی قوم سے ایک رسول اٹھائیو، جو انہیں تیری آیات سنائے، ان کو کتاب اور حکمت کی تعلیم دے اور ان کی زندگیاں سنوارے۔ تو بڑا مقتدر اور حکیم ہے۔

(سورۃ البقرۃ: آیات ۱۲۶ تا ۱۲۹)

جناب چیئرمین: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔

## Panel of Presiding Officers

Mr. Chairman: First of all, I want to announce the Panel of Presiding Officers. In pursuance of Rule 14(1) of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, I nominate the following members, in order of precedence, to form a Panel of Presiding Officers for the 339th Session of the Senate of Pakistan:

1. Senator Muhammad Ishaq Dar
2. Senator Palwasha Mohammad Zai Khan
3. Senator Manzoor Ahmed

## Leave of Absence

Mr. Chairman: Senator Liaqat Khan Tarakai has requested for the grant of leave for the whole session due to illness. Is leave granted?

*(The leave was granted)*

Mr. Chairman: Senator Syed Ali Zafar has requested for the grant of leave for 24th May, 2024 due to personal engagements. Is leave granted?

*(The leave was granted)*

Mr. Chairman: Senator Muhammad Ishaq Dar has requested for the grant of leave for the 24th May, 2024 due to official visit abroad. Is leave granted?

*(The leave was granted)*

Mr. Chairman: Senator Saeed Ahmed Hashmi has requested for the grant of leave for the whole session due to personal engagements.

(Followed by T02)

Mr. Chairman: Senator Saeed Ahmed Hashmi has requested for the grant of leave for the whole Session due to personal engagements. Is the leave granted?

*(Leave was granted)*

Mr. Chairman: Senator Dr. Zarqa Suharwardy Taimur has requested for the grant of leave for 24th May, 2024 during the previous Session due to illness. Is the leave granted?

*(Leave was granted)*

Mr. Chairman: Senator Sadia Abbasi has requested for the grant of leave for 21st and 22nd May, 2024 during the previous Session due to official visit abroad. Is the leave granted?

*(Leave was granted)*

Mr. Chairman: Senator Aon Abbas has requested for the grant of leave for 24th May, 2024 during the previous Session and for today, the 7th June, 2024 due to personal engagements. Is the leave granted?

*(Leave was granted)*

Mr. Chairman: Senator Samina Mumtaz Zehri has requested for the grant of leave for the whole last Session due to official visit abroad. Is the leave granted?

*(Leave was granted)*

Mr. Chairman: Now, we move on to Order. No. 2. Mian Riaz Hussain Pirzada, please move Order. No. 2.

جناب میاں ریاض حسین پیرزادہ (وفاقی وزیر برائے مکانات و تعمیرات): شکریہ، جناب چیئرمین! میں Motion move کرنے سے پہلے آپ کو اس اعلی منصب پر فائز ہونے پر مبارکباد پیش کرنا چاہتا ہوں۔ آپ ہمارے علاقے کی شان اور عزت اور ہمارے لئے باعث فخر بھی ہیں۔ میں آج پہلی مرتبہ سینیٹ کے اجلاس میں آیا ہوں تو میں نے سوچا کہ آپ کو ان تمام کامیابیوں کی مبارکباد دوں جو اللہ تعالیٰ نے آپ کے خاندان کو نصیب کی ہیں۔ اللہ تعالیٰ آپ کو ہمیشہ ایسے ہی باوقار رکھے اور ہم آپ کے لئے دعا گو ہیں۔

Mr. Chairman: Thank you.

## Motion Under Rule 263 for Dispensation of the Question Hour

Mian Riaz Hussain Pirzada: I, on behalf of Senator Muhammad Ishaq Dar, Leader of the House, move under Rule 263 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the requirement of Rule 41 of the said Rules regarding question hour be dispensed with for today’s sitting of the Senate.

Mr. Chairman: It has been moved under Rule 263 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012 that the requirement of Rule 41 of the said Rules regarding question hour be dispensed with for today’s sitting of the Senate.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: The Question Hour is dispensed with. We now move on to Order. No. 3. There is a Calling Attention Notice in the name of Senator Samina Mumtaz Zehri. Please raise the matter.

## Calling Attention Notice raised by Senator Samina Mumtaz Zehri pertaining to the statement by DG Immigration and Passports regarding proposed inclusion of "ex-husband category" in the passport data for women

Senator Samina Mumtaz Zehri: Thank you, Mr. Chairman! I would like to bring to the attention the matter that recently Director General, Immigration and Passports proposed inclusion of ex-husband category in the passport data of women. Mustafa Jamal Khan, the Director General stated that the divorced women should have the former husbands' names on the passport to prove the parentage of the child that the woman has. I have reservations on this matter. I have also heard that the honourable Federal Minister for Interior has formed a committee to deliberate on this issue which is in contradiction to the NADRA's option to retain the Father's Name on the National Identity Card after their marriage.

جناب! میں یہ کہنا چاہتی ہوں کہ ہر بچے کے پاسپورٹ پر باپ کا نام لکھا ہوا ہوتا ہے تو کیوں اس کی ماں کے پاسپورٹ پر اس کے پچھلے شوہر کا نام لکھا جائے۔ جب بچے کے باپ کا نام اس کے پاسپورٹ پر لکھا ہوا ہے تو it identifies the parentage and is more than enough. اس کے بعد NADRA کا Family Registration Certificate (FRC) بھی ہے جس میں باپ، ماں اور بچوں کا data ہوتا ہے۔ DG صاحب کو یہ بات کیوں سمجھ میں نہیں آتی کہ ہمارے ملک میں majority of the divorces are never on a good note. The majority of those divorces are disputed on the grounds of domestic abuse, physical violence, cheating of husbands and other issues. ہم یہ claim کرتے ہیں کہ ہم women کو empower کرتے ہیں اور اس کے لئے national and international levels پر بھی باتیں کرتے ہیں۔ یہ کہاں سے women empowerment کی باتیں ہیں؟ The policy statement of the Director General is a clear discrimination of women and is a violation of their basic rights as enshrined in Article 25 and its sub-clauses 1,2 and 3 which provides for

protection of women against any kind of discrimination. This is a major discrimination. Divorce سے پہلے عورت اپنی زندگی میں ایک مرحلے سے گزرتی ہے۔ She is born into a family and is raised in different cultures and societies. After that, she gets married. پھر اسے society کے norms and values اپنے طریقے سے سکھائے جاتے ہیں۔ شادی کے بعد پھر وہ ایک نیا culture adopt کرتی ہے۔ بچوں کے پیدا ہونے کے بعد انہیں بھی ایک نیا culture سکھاتی ہے۔ It takes a lot of courage for women to be able to stand up for their rights and get divorced in our society. ایسا ہونے یا نہ ہونے سے کچھ فرق نہیں پڑتا کیونکہ وہ ویسے بھی label ہو جاتی ہے۔ وہ divorce لیتے وقت بھی مرد سے harass ہو رہی ہوتی ہے کہ جاؤ، خلع لے لو۔ اگر divorce ہو جاتی ہے تو پھر خاندان والے اسے بچے نہیں دیتے اور پھر custody of children کے مسئلے ہوتے ہیں۔ اس کے بعد court hearings چلتی رہتی ہیں۔ اگر میاں ایک influential شخص ہے تو پھر عورت اس چکر میں تباہ ہو جاتی ہے۔

Mr. Chairman! The trauma is very long and children have to go through psychiatric help because there is always a fight between parents. This is already enough. It is a constant reminder of the torture the women has to go through. Once her husband becomes the ex-husband, I think that is end of the subject. He should not be anywhere close to her identity or the passport. National Identity Card should be only in the name of her father. The policy statement is also out of context and redundant in the global context. Unfortunately, instead of following the protocols of International Civil Aviation Organization, which are replicated in the Global Passport Index and elevating the ranking of our passport which is at the lowest fourth in the global ranking, there is no attention towards that. For example, the passport of Singapore requires to have a chip that stores basic information like name, date of birth, finger prints, photographs, signature, passport and ID numbers. It does not have the names of father, husband or ex-

husband. This data is then processed at every international border with established protocols. Instead of improving the ranking of our passport, we are bringing it further lower by discriminating women.

Mr. Chairman! I want to give you an example. In 2018, a girl named Tehteer Fatima petitioned the Supreme Court to allow her to use the last name as *'Bint Pakistan'*, and remove the name of her father from her documents so that she could get an ID card. As the father in question had not registered the young women so she was not able to apply for one and the Court dismissed the petition. There was another example. Barrister Khadija Shah, the petitioner, suffered when the passport office arbitrarily rejected the application of her passport renewal. The rejection seemed to be based on the fact that her CNIC indicated the name of the father in the daughter column instead of the husband's name in the wife column. Mr. Shah replied that she had appropriately updated her marital status with NADRA after her marriage and NADRA allows married women to retain the name of father section in CNIC. She said that the NADRA office verbally communicated to her that the policy requires the married women to possess the name of husband on the CNIC and subsequently, obtain the same for the purpose of passport in her name. The petitioner said that the respondent's refusal to accept the passport renewal application was arbitrary and illegal. She said that the public authorities were obliged to adhere to the legal provisions and could not impose additional restrictions at their discretion. Having said this, we are further lowering the rank of our passport through introduction of such gender discriminatory policies and if the name of ex-husband has to be written on the passports of women then my suggestion to the Director General is that the men should also write names of ex-

wife, current wife, unregistered wife and wife through marriage of *'mutah'*. We will agree on this. Let's keep a balance of everything... Continued T03

T03-07June2024 Taj/Ed. Khalid 11:00 a.m.

Senator Samina Mumtaz Zehri: ...Contd... We will agree. Let's keep a balance in everything. Let's have their record on the passport as well. Sir, it is a travel document. It is not your bio history that where do you come from, present husband's name or ex-husband's name. It is ridiculous. This is the instant plea that this policy should be immediately withdrawn and the previous status of the married women for the passport data may be maintained. I strongly oppose this. This is my suggestion.

*(Desk thumping)*

**(مداخلت)**

جناب چیئرمین: ایک سیکنڈ، تشریف رکھیں۔ مولانا صاحب! Rulesکے مطابق صرف mover بات کر سکتا ہے۔۔۔۔

**(مداخلت)**

جناب چیئرمین: آپ اسی پر بات کرنا چاہتے ہیں؟ اگر ہاؤس چاہتا ہے تو rules نہیں ہیں۔۔۔۔

**(مداخلت)**

جناب چیئرمین: نہیں، آپ اس topic پر بات کرنا چاہتے ہیں؟ اس کے بعد بات کرلیں۔ ذرا یہ جواب دے دیں، پھر آپ بات کرلیں۔جی وزیر صاحب۔

میاں ریاض حسین پیرزادہ (وزیر برائے مکانات و تعمیرات): شکریہ، جناب چیئرمین! فاضل سینیٹر صاحبہ نے آخر میں جو prayer کی ہے، اس کو ہائی کورٹ نے acknowledge کیا ہے۔ میں ہائی کورٹ کا order پڑھ دیتا ہوں۔ اس کے بعد جو بحث ہے وہ تو چلتی رہے گی لیکن بحث ہائی کورٹ کے order نے writ petition میں ختم کر دی ہے۔اس order میں جج صاحب نے آخر میں کہا ہے کہ

"In view of the above, there is no reason for adjudication of the question involved in the matter, can conveniently be disposed of in following terms:" It is expected that Respondent No. 2 would complete the consultative process holistically and be ready to make requisite amends in the formatting details of the passport, giving option to the women to retain their father's name on CNIC and Passport within three months of passing of this order. It is pertinent to observe the Government shall ensure the synchronization of the record of NADRA and Immigration in Passport department."

وہ جو DG, Passport نے بیان دیا تھا،اس نے rules کی بات کی تھی۔ اس وقت rules یہ تھے لیکن اب چونکہ consultative process کے لیے ہائی کورٹ نے within three months کا کہا ہے۔ جو محترمہ نے prayer کی ہے، اس پر عمل درآمد کے لیے یہ ہائی کورٹ کا order ہے، یہ فیصلہ ہو چکا ہے۔ سینیٹر صاحبہ کا ایک valid اور ایک اصولی stand ہے، میرا خیال ہے کہ وہ ہائی کورٹ نے پورا کر دیا ہے۔

اگر آپ نے بحث میں کچھ کرنا ہے، consultative process پر عدالت کا فیصلہ ہے۔ اگر آپ نے consultative process میں DG, Passport Office کو تھوڑا بہت assist کرنا ہے تو اس کے لیے آپ قائمہ کمیٹی کو بھیج دیں، وہاں یہ آپس میں کر لیں گے۔ Consultative process ہے otherwise ہائی کورٹ نے order کر دیا ہے۔

Mr. Chairman: Yes, Leader of the Opposition.

سینیٹر سید شبلی فراز (قائد حزب اختلاف): جناب! سینیٹر ثمینہ زہری نے جو issue raise کیا ہے، انہوں نے اپنی تقریر میں بڑے اہم نکات اٹھائے ہیں۔ جناب! خواتین کی تعداد ہمارے ملک کے پچاس فیصد کے قریب ہے۔ جس طرح ہماری روایات ہیں، ہماری ثقافت ہے۔ جو issues انہوں نے اٹھائے ہیں، میرا خیال ہے کہ اگر ہم دونوں، اس particular Bill اور ساتھ ہی Family Laws کو بھی revisit کریں۔ ہم اس کو improve کر سکتے ہیں اور موجودہ حالات اور موجودہ زمانے میں update کر سکتے ہیں تو یہ بڑا اہم چیز ہے۔ اگر ہم ہر چیز عدالتوں پر چھوڑیں گے تو پھر ہمارا role بہت کم ہو جاتا ہے۔ ہمارا کام یہ ہے کہ پاکستان کے اس طرح کے مسائل جو انہوں نے اٹھائے ہیں۔۔۔

(اس موقع پر ڈیسک بجائے گئے)

سینیٹر سید شبلی فراز: یہ وہ issues ہیں جن میں پاکستان کی کتنی families اور کتنی خواتین کو کن مشکلات، کرب، torture اور social exclusion سے گزرنا پڑتا ہے۔ جناب! یہ بڑا اہم معاملہ ہے۔ جس طرح آپ مناسب سمجھیں، اسے آپ قائمہ کمیٹی برائے داخلہ میں بھیج دیں۔ میں یہ تجویز دوں گا کہ ہمیں Family Laws کو بھی revisit کرنا چاہیے اور مولانا صاحب بھی ہمارے ساتھ ہوں۔ ظاہر ہے کہ جو ہماری مذہبی ہدایات ہیں، ہم ان سے باہر نہیں نکلیں گے لیکن current social issues سے اور بڑے issues جنم لے رہے ہیں۔ یہ ایک بہت اہم معاملہ ہے، میرا خیال ہے کہ اس کو کافی deliberate کرنا چاہیے۔ شکریہ، جناب۔

جناب چیئرمین: اس پر وزیر صاحب کا point of view آیا ہے اور جو courts کا بھی decision آیا ہے، چونکہ اس وقت Calling Attention Notice is disposed of. اگر آپ اس کو further اٹھانا چاہیں گے at an appropriate forum, جو طریقہ کار ہوگا۔ کمیٹیاں بھی بن جائیں گی تو we will refer it to the Committee. مولانا صاحب! آپ کوئی بات کرنا چاہ رہے تھے۔

سینیٹر مولانا عطاءالرحمٰن: مہربانی جناب! میں یہ گزارش کرنا چاہتا تھا کہ یہ ایک اہم issue ہے۔ انہوں نے اس پر کافی سارے۔۔۔۔

جناب چیئرمین: تھوڑا سا اونچا بولیں گے۔

سینیٹر مولانا عطاالرحمٰن: انہوں نے پاسپورٹ میں نام ڈالنے کی بات کی ہے اور عدالت کا حوالہ دیا گیا ہے۔ میں صرف اتنی سی گزارش کرنا چاہتا ہوں آپ اسے کمیٹی کو refer کریں اس ہدایت کے ساتھ کہ اس پر اسلامی نظریاتی کونسل کی رائے بھی لے لی جائے تو اس سے آسانی ہو گی۔

جناب چیئرمین: جب یہ issue take up ہوگا تو اس وقت سب کی رائے لے لی جائے گی۔

(مداخلت)

سینیٹر مولانا عطاءالرحمٰن: اس میں ہے، اس میں خواتین بھی ہیں، سب ہیں۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: ٹھیک ہے، شکریہ۔ اس پر جو میرا اپنا motto ہے، women and minorities, they are my constituency, always I had followed. Calling Attention Notice, there is another Calling Attention Notice at Order No. 4 in the name of Senators Jam Saifullah Khan, Zamir Hussain Ghumro, Muhammad Aslam Abro, Poonjo and Syed Kazim Ali Shah. Please raise the matter. Who will raise the matter?

**<u>Point raised by Senator Jam Saifullah Khan, demanding legal action against the killers of journalist Nasrullah Gadani</u>**

Senator Jam Saifullah Khan: Mr. Chairman, before I raise this issue, there is a small incidence, I want to bring it to your kind notice.

ہمارے گھوٹکی میں کچھ دن پہلے ایک بہت بہادر صحافی نصراللہ گڈانی کو حق اور سچ کی بات کہنے پر شہید کیا گیا تھا۔ ہم Law Enforcement Agencies, چاہے provincial ہوں، چاہے جو بھی administration ہے، اس کو سینیٹ کے floor سے ہم لوگ پیغام دینا چاہتے ہیں کہ ہم لوگ monitor کر رہے ہیں۔ اس میں ایک independent inquiry ہونی چاہیے اور جو بھی culprits ہیں، ان کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی ہونی چاہیے۔۔۔

Mr. Chairman: Please raise the matter.

**<u>Calling Attention Notice by Senators Jam Saifullah Khan, Zamir Hussain Ghumro, Muhammad Aslam Abro, Poonjo and Syed Kazim Ali Shah regarding the inordinate delay in the completion of Sukkur-Hyderabad Motorway</u>**

Senator Jam Saifullah Khan: I wish to draw attention of the Minister for Communications towards the matter of urgent public importance regarding inordinate delay in the completion of Sukkur-Hyderabad Motorway.

I was actually hoping that the Minister for Communications, if he were here, you know, he would have been the best person to tell us all these technicalities but if the honourable Minister wants me to continue, I can continue.

Mr. Chairman: Thank you. Another mover is Zamir Hussain Ghumro Sahib.

Senator Jam Saifullah Khan: OK, can I revive my speech?

جناب چیئرمین: آپ وضاحت کرنا چاہتے ہیں؟

سینیٹر جام سیف اللہ خان: جی، جی۔

Mr. Chairman: Please.

سینیٹر جام سیف اللہ خان: جناب چیئرمین! یہ موٹروے، 2013 میں جب نواز شریف صاحب کی پچھلی حکومت تھی، اس وقت انہوں نے ایک موٹروے کا نام لیا تھا، پشاور سے کراچی موٹروے۔ اس کے different portions تھے۔ حقیقت میں اصل جو criterion ہوتا ہے وہ criterion تو یہ ہونا چاہیے کہ اس میں port کی facility or economic viability کو دیکھی جاتی ہے، اسی طرح population دیکھی جاتی ہے۔ سڑک پر ٹریفک کی جو آمد ورفت ہوتی ہے کہ کتنی traffic اس road پر جارہی ہے۔ اگر اس حساب سے دیکھا جاتا تو چونکہ کراچی میں port ہے، اس کی جو بھی traffic ہوتی ہے، اس کی سب سے زیادہ heavy traffic Karachi to Hyderabad and from Hyderabad to Sukkur ہے لیکن unfortunately ایسے نہیں کیا گیا۔ بہر حال، میں یہ واضح کرنا چاہتا ہوں کہ ہم چاہتے ہیں کہ کوئی discrimination کی base پر ہم نہیں چاہتے، یہ سہولتیں پورے پاکستان کو ملنی چاہیئیں۔ ہر صوبے کا اس میں اتنا ہی حصہ ہے اور ہر صوبے کو اس کا فائدہ ہونا چاہیے۔ پنجاب یا خیبر پختونخوا میں اگر کوئی موٹروے بنتے ہیں تو اس سے ہم لوگ بھی فائدہ اٹھاتے ہیں اور ہم چاہتے ہیں لیکن at the same time سندھ کے لوگوں کو اس میں ignore نہیں کرنا چاہیے۔

جناب چیئرمین! ہم لوگوں نے محسوس کیا ہے کہ یہ M-6 Motorway, especially from Sukkur to Hyderabad, یہ پچھلے تقریباً آٹھ، نو سالوں سے ping pong کی طرح کبھی اِدھر ہو رہا ہے، کبھی اُدھر ہو رہا ہے۔۔T04 پر جاری ہے۔

**T04-07JUNE -2024 Tofique Ahmed /Ed: Khalid 11:10AM.**

سینیٹر جام سیف اللہ خان: (جاری۔۔۔) یہ جو M-6 موٹروے specially from Sukkur to Hyderabad ہے، یہ پچھلے آٹھ نو سالوں سے ping pong کی طرح کبھی ادھر تو کبھی ادھر ہو رہا ہے۔ 2017 میں جب نواز شریف صاحب کا دور تھا، میں نواز شریف صاحب کی حکومت کو credit دینا چاہوں گا کہ انہوں نے ملتان سے سکھر موٹروے بنائی، اس میں چائنہ کی سب سے بڑی China State Construction and Engineering Cooperation, company تھی، اس کمپنی نے ملتان سے سکھر موٹروے بنائی۔ اگر دیکھا جائے ہمیں جو reports ملتی ہیں موٹروے بڑے اچھے طریقے سے بنی اور international standards کے مطابق بنی۔ باہر سے ہمارے جو بھی دوست آتے ہیں وہ کہتے ہیں اس type کی موٹروے دوسرے developed western countries میں بھی نہیں بنی۔ 2017 میں اس project کی جب دوبارہ bidding ہوئی تو بڑے transparent طریقے سے open bidding کی گئی اور اس

biddingمیں تین کمپنیوں نے participateکیا۔ ان تینوں کمپنیوں میں سے ایک China State Construction and Engineering Cooperation Company تھی اور چائنہ کی دو اور کمپنیاں بھی تھیں جنہوں نے participateکیا۔ China State Construction companyکی lowest bidتھی،اس کو contract transparentطریقے سے دیا گیا۔ میں یہ واضح کرنا چاہتا ہوں اس کمپنی کو جب پہلی بار contract دیا گیا تھا وہ 175 billion rupees کا تھا۔ پھر پتا نہیں unfortunately کیا ہوا۔ جب new government آئی تو اس کی کیا prioritiesتھیں؟ اس وقت کے جو وزیر صاحب تھےانہوں نے openly کمپنی پر allegationsلگائے اور کہا کہ گھپلے وغیرہ ہوئے ہیں۔ Unfortunately پھر Chinese governmentاور اس کمپنی نے clarify بھی کیا کہ ہم تو پاکستان کو یہ سارے concession loan دے رہے ہیں، اس کمپنی کا interestیہ تھاچونکہ اس نے ملتان سے سکھر موٹروے کاکام پہلے ہی کیا ہوا تھا، وہ کمپنی یہ کام بھی اس لیے لیناچاہ رہی تھی کیوں کہ ان کی ساری machinery یہیں پر ہی موجود تھی لیکن اس کمپنی کو اتنا تنگ کیا گیا جس سے وہ مجبور ہوئے .and they pulled back پھر تقریباً چار پانچ سالوں سے یہ project on hold رہا۔ عمران خان صاحب نے ایسے ہی دکھانے کے لیے دوبارہ inaugurationکروائی لیکن اس پر کوئیserious effortsنہیں کی گئیں۔2022 میں شہباز شریف صاحب نے نئے سرے سے اس کی دوبارہ biddingکروائی۔جس طریقے سے ملتان سے سکھر موٹروے کا پہلے procedure adoptکیا گیا تھاانہوں نے اس کو changeکرکے (PPP), Public Private Partnership modeپر کروانے کی کوشش کی۔ہم لوگوں نے اس وقت بھی سوال اٹھایا تھا کہ اتنا بڑا project PPP modeپر feasible نہیں ہےاور اس کے سارے financial closuresنہیں کرسکیں گے، ہم نے یہ خدشات بھی دکھائے تھے کہ یہ completeنہیں ہوگا۔ جناب چیئرمین! Eventually بالکل ویسا ہی ہوا جو کمپنی تھی، میرے خیال سے کوئی Italian Company تھی انہوں نے financial closuresنہیں کیا اور عین وقت پر آکر NHAنے ان کو کہا کہ آپ نے صحیح نہیں کیا پھر ان کو بھی نکال دیا گیا۔

جناب چیئرمین! یہ ایک قسم کا مذاق ہے۔ کراچی سے حیدرآباد کی جو موٹروے ہے اس کا نام بھی انہوں نے موٹروے کا ہی دیا ہے لیکن اس میں موٹروے کی کوئی بھی خصوصیت نہیں ہے۔ ایوان میں ہمارے کافی دوست حیدرآباد اور کراچی سے ہیں اور وہ بیٹھے ہوئے ہیں،ان سے پوچھیں وہاں پر کتنے accidentہوتے ہیں اور وہاں پر کوئی بھی securityنہیں ہے۔ میں چاہتا ہوں حیدرآباد سے کراچی موٹروے بھی بنی

چاہیےاور سکھر سے حیدرآباد موٹروے بھی بالکل اسی pattern پر بنی چاہیے جیسے ملتان سے سکھر کی بنی ہوئی ہے۔انہوں نے جس طریقے سے Public Private Partnership (PPP) کا project کیا ہے، میں معذرت کے ساتھ کہنا چاہوں گا یہ ڈھونگ ہے یہ صرف lollypop دکھانے کے لیے ہے، میں آپ کو guarantee کے ساتھ بتانا چاہتا ہوں یہ اگلے دس سالوں تک بھی کام مکمل نہیں ہوگا۔ ہمیں اب بتایا جارہا ہے کہ اس کی اب نئے سرے سے bidding کریں گے۔2017 میں 175 billion rupees کا project تھااور 2022 میں انہوں نے 307 billion rupees میں کیا ہے یہ almost double price پر کیا گیا ہے۔ اگر یہ اس طریقے سے چلیں گے تو یہ تقریباً 500 billion تک پہنچ جائے گا۔ وزیر صاحب سے میری گزارش یہ ہے کہ وہ Communication Minister صاحب کو کہیں کہ اس مسئلے کو تھوڑا serious طریقے سے لیں اور اس موٹروے کو بھی اسی pattern پر بنائیں جس طریقے سے آپ نے ملتان سے سکھر موٹروے بنائی ہے۔ میری گزارش ہے کہ جس چائینز کمپنی نے ملتان سے سکھر موٹروے بنائی ہے اگر اس کمپنی کو منتیں بھی کرنی پڑیں تو آپ ان کو قائل کریں۔ آپ ان سے کہیں اسی mode میں بنائیں، وہ آپ کو loan بھی دے رہے ہیں اور اس میں حکومت کا بھی جو loan کا share ہے وہ بھی آپ کو loan دے رہے ہیں۔ مجھے یہ سمجھ نہیں آرہا یا تو یہ بالکل ill-will ہے، میں یہ کہوں گا kindly آپ اس کو seriously لیں۔ اس کا process ہو جائے گا۔

(مداخلت)

Mr. Chairman: He can speak for ten minutes.

سینیٹر جام سیف اللہ خان: ہم چاہتے ہیں یہ project اسی کمپنی کو دیا جائے اور جنہوں نے اس میں رکاوٹیں ڈالنے کی کوشش کی ہے، ان کو accountable کرنا چاہیے۔ میں آپ سے گزارش کروں گا کہ آپ اس مسئلے کو کمیٹی میں بھیجیں اور سینیٹ کی کمیٹی ساری technical details بتائے، اس کی ساری proceedings بھی بتائی جائیں اور جہاں کہیں بھی اس کام میں تاخیر ہو رہی ہے۔ یا تو آپ اس project کا نام change کریں، یا آپ بولیں پشاور سے ملتان موٹروے ہے، اس project کو پشاور سے کراچی کا موٹروے کیوں کہتے ہیں؟ اگر آپ sincerely کرنا چاہتے ہیں تو آپ اس کو sincerely کریں۔ میری یہ گزارشات ہیں، شکریہ۔

Mr. Chairman: Any other mover wants to speak?

(Interruption)

جناب چیئرمین: نہیں جو moverہیں وہ ہی بات کر سکتے ہیں، آپ تشریف رکھیں۔ Rules کو followکرنا ہے، پہلے یہ dispose ofکریں، وزیر صاحب کی meetingہےانہوں نے جانا ہے۔ جی سینیٹر ضمیر حسین گھمرو صاحب۔

## Senator Zamir Hussain Ghumro

سینیٹر ضمیر حسین گھمرو: شکریہ جناب چیئرمین! ہم نے Calling Attention Noticeدیا ہے کہ یہ project Prime Minister Shahbaz Sharif Sahib نے inaugurateکیا تھا۔ اس میں delay ہو رہی ہے، اس کو آگے بڑھایا جائے۔ کراچی سے سکھر تک پاکستان کی سب سے بڑی trafficہے، کراچی میں جو portsہیں وہ ملک کی import and exportsکو caterکرتے ہیں جو70 billion dollarسے زیادہ ہیں۔ سکھر سےtraffic branch outہوتی ہے، سکھر سے کراچی کی trafficسے loss of lives بھی ہوتی ہیں اس کے ساتھ ساتھ روڈ کی حالت بھی خراب ہے۔ یہ inaugurateہو چکا ہےاس کو پایہ تکمیل تک پہنچایا جائے۔ ہماری یہی گزارش ہے اور ہم حکومت سے سوال کر رہے ہیں کہ اس کو کیسے آگے بڑھایا جائے گا I am supporting Senator Jam Sahibکہ اس کو جلدی پایہ تکمیل تک پہنچایا جائے۔اس کو initially 13 monthsکاperiodدیا گیا تھا،اس کی12 Decemberکوinauguration ہوئی تھی،اس کوآگے بڑھایا جائے اور عوام کی سہولت کے لیے جلدcompleteکیا جائے، شکریہ۔

Mr. Chairman: Any other mover? Thank you, Minister Sahib before I give the floor to you.

*(Interruption)*

Mr. Chairman: Who is mover? So you can stand up, yes Senator Muhammad Aslam Abro Sahib.

## Senator Muhammad Aslam Abro

سینیٹر محمد اسلم ابڑو: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ شکریہ جناب چیئرمین! ہمیں سندھ میں موٹروے کی سخت ضرورت ہے، میں جیکب آباد سے کراچی کے لیے نکلتا ہوں تو مجھے تقریباً دس گھنٹے لگتے ہیں اور اگر وہیں سے اسلام آباد آتا ہوں تو مجھے آٹھ گھنٹے لگتے ہیں۔ مجھے اور سندھ کے عوام کو بڑی خوشی ہوئی جب میاں صاحب نے سکھر سے حیدرآباد تک موٹروے کا اعلان کیا۔ میں دوبارہ یہ عرض کروں گا کہ ہمیں اس کی بہت سخت ضرورت ہے اور یہاں پر اتنی traffic ہوتی ہے کہ ہم بہت تنگ ہو جاتے ہیں اور ہم سوچتے ہیں کہ ہم کراچی نہ جائیں، صرف جہاز سے جائیں اور روڈ سے نہ جائیں۔

دوسری بات، میں سمجھتا ہوں سندھ، پنجاب، بلوچستان اور خیبر پختونخوا صوبہ بھی ہمارا ہے، یہ ہمارے ملک کے چاروں صوبے ہیں مگر میں بڑے افسوس سے یہ کہنا چاہوں گا کہ صادق آباد سے لیکر سکھر تک موٹروے دی گئی ہے ہمیں خوش کیا گیا ہے کہ موٹروے سندھ میں بھی بن گئی ہے مگر ہمیں 30-35km کی موٹروے دے کر خوش کیا گیا ہے اور کراچی موٹروے جس کو نام دیا جارہا ہے وہ تو صرف نام کی موٹروے ہے، وہ موٹروے نہیں ہے۔

تیسری بات، ہمارے NHA کے جو روڈ ہیں۔ جب موٹروے نہیں بنی تھی، ہم جب پنجاب سے سندھ کے لیے سفر کرتے تھے، جب ہم گاڑی میں سوجاتے تھے اور جب ہم سندھ کے area میں پہنچ جاتے تھے تو ایک بہت بڑا jump آجاتا تھا پھر ہم محسوس کرتے تھے کہ ہم اسلام آباد سے یا لاہور سے سندھ پہنچ گئے ہیں۔۔۔۔۔جاری۔۔۔T-05۔۔۔۔

T05 – 07June2024 IMRAN/ED: WAQAS 11:20 am

سینیٹر محمد اسلم ابڑو: (جاری۔۔۔) اسلام آباد یا لاہور سے ہم سندھ پہنچ گئے ہیں۔ تو NHA کا بھی role یہی ہے کہ جیسے ہم سندھی میں کہتے ہیں کہ ماٹریلی ماں کا سلوک، تو ہمارے ساتھ یہ سلوک کیوں کیا جاتا ہے کہ وہاں motorway بھی صرف 35 کلومیٹر ہی بنائی گئی ہے۔ لیکن مجھے امید ہے کہ اب نواز شریف اور شہباز شریف صاحب اقتدار میں ہیں، تو یہ motorway بھی ان شاء اللہ بنے گی لیکن NHA کا بھی ایک role ہے۔ ہمارے سندھ میں سڑکوں کی خستہ حالت ہے، حالانکہ میں جب دوسرے صوبوں میں جاتا ہوں تو مجھے خوشی ہوتی ہے کہ KPK

میں روڈ بہت اچھے ہیں، پنجاب میں اچھے روڈ بنے ہیں، بلوچستان میں اچھے روڈ بنے ہیں لیکن میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ ایسے اچھے روڈ سندھ میں کیوں نہیں بن رہے؟ سندھ میں NHA بھی زیرو ہے۔

میں یہ چاہوں گا کہ motorway کو صرف حیدرآباد سے سکھر تک ہی محدود نہ کریں۔ جیسے میں کبھی ایبٹ آباد یا اور دوسری جگہوں پر جہاں motorways بنی ہیں، سفر کرتا ہوں تو اسی طرح پاکستان کے دوسرے بڑے صوبہ سندھ کا بھی حق ہے کہ وہاں پر بھی اسی طرز کی motorways بنی چاہییں۔ میں اس حکومت سے یہ request کروں گا کہ ہم احساس کمتری کا شکار ہیں کہ ہمارے پاس motorways نہیں ہیں اور نہ یہاں NHA کام کر رہی ہے۔ بڑی مہربانی۔

Mr. Chairman: Thank you. Any other mover? Are you the mover?

## Senator Poonjo

سینیٹر پونجو: جناب چیئرمین! آپ کی بڑی مہربانی۔ جس طرح ہمارے بھائی سیف اللہ داریجو صاحب نے جو Calling Attention Notice پیش کیا ہے، میں اس کی مکمل تائید کرتا ہوں اور اس کے ساتھ ساتھ اس میں ایک دو چیزیں مزید شامل کرنا چاہتا ہوں۔

یہ motorway جو 2017 سے زیر تعمیر ہے، وہ تا حال نہیں بن سکی اور اس میں ذمہ داران کی طرف سے delaying tactics استعمال کیے جا رہے ہیں۔ یہ قابل غور بات ہے کہ یہاں سندھ کی پورٹ قاسم سے heavy machinery اور دیگر اشیاء پنجاب اور مختلف علاقوں تک جاتی ہیں اور اسی سندھ کے علاقے کو اگر آپ اس ڈھنگ سے نظر انداز کریں گے تو ہمارے لئے یہ کوئی خوش آئند عمل نہیں ہے۔ اس کے لیے ہم اپنی کوششیں جاری رکھیں گے اور یہ مطالبہ کرتے ہیں کہ اس کو فی الفور bid میں شامل کریں تاکہ اس سڑک کی جلد از جلد تعمیر ممکن ہوسکے۔ آپ کی بڑی مہربانی۔

Mr. Chairman: Mr. Minister, this Karachi to Sukkur motorway is extremely important road. Karachi is the hub of all economic activities. I have also travelled on the road due to a death in the family and it is not in a good shape.

تو اس کے لیے آپ جو بھی expedite کروا سکیں تو آپ اس ایوان کو اس ضمن میں مطمئن کریں۔

Mian Riaz Hussain Pirzada (Federal Minister for Housing and Works)

جناب میاں ریاض حسین پیرزادہ (وفاقی وزیر برائے مکانات اور تعمیرات): شکریہ چیئرمین صاحب! یہ ایک ایسا missing link ہے کہ جیسا آپ بھی سمجھتے ہیں کہ جب یہ حصہ سکھر تک تعمیر ہو گیا تو اس سے ملتان، بہاولپور اور بلوچستان کے علاقوں کا پنجاب اور پشاور تک access بہت اچھی اور آسان ہو گئی لیکن یہ motorway گنجان آباد سندھ میں ایک missing link ہے اور پھر کراچی، جو غریب کی ماں ہے، جہاں KPK بھی سارا۔۔۔

(مداخلت)

جناب میاں ریاض حسین پیرزادہ: جب سکھر تک بن گئی تو آگے شکار پور اور بلوچستان سے آنے والے لوگوں کو اس سے بہت فائدہ ہوا ہے۔ میں سکھر کی بات کر رہا ہوں کہ جو علاقہ سکھر سے link ہوتا ہے اسے بھی فائدہ ہوا ہے۔ لیکن سندھ کا سب سے زیادہ گنجان آباد اور زرخیز علاقہ اسی سکھر سے کراچی کے missing link پر واقع ہے اور کراچی ہمارا hub ہے۔

جناب چیئرمین: اس پر آپ ایک رپورٹ لیں اور اس کو expedite کروائیں۔

جناب میاں ریاض حسین پیرزادہ: یہ رپورٹ موجود ہے اور میں مختصراً بتا دیتا ہوں کہ اب تک اس پر کیا پیش رفت ہوئی ہے۔ Covid کے بعد جو قیمتوں میں اور روپے کے مقابلے میں ڈالر کی شرح میں جو فرق آیا ہے تو اس وجہ سے جس ٹھیکیدار نے bid جیتی تھی، وہ اپنے پندرہ لاکھ روپے چھوڑ کر اس منصوبے سے الگ ہو گیا۔ جیسا کہ یہ منصوبہ CEPC میں بھی آتا ہے، تو اب ہماری پہلی کوشش یہ ہے کہ چائنہ سے بھی request کی جا رہی ہے، سعودی عرب، ابو ظہبی، قطر سے اور باقی دوست ممالک سے بھی request کی جا رہی ہے کہ یہ۔۔۔

Mr. Chairman: My Son is taking oath, so I am taking leave for two minutes.

*(At this stage, Senator Palwasha Mohammad Zai Khan presided over the proceedings of the House)*

جناب میاں ریاض حسین پیرزادہ: شکریہ چیئرمین صاحبہ، آپ کو مبارک ہو۔ اس سلسلے میں ہم یہ کوششیں کر رہے ہیں کہ جو اس وقت جواب میں چھ مہینے کا کہا گیا ہے اور اس میں ساری calculations بھی ہو رہی ہیں، تو اس کو تین یا چار حصوں میں partnerships کی بنیاد پر تقسیم کرکے جلد از جلد اس missing link کو مکمل کیا جائے اور پھر دوست ممالک کو بھی خصوصی طور پر onboard لیا جا رہا ہے اور ابھی وزیر اعظم صاحب چائنہ بھی گئے ہوئے ہیں تو اس دورے سے بھی امید کی جا سکتی ہے۔ یہ صرف کراچی یا سندھ کی ہی ضرورت نہیں ہے بلکہ ہمارے سرائیکی علاقے اور تمام KPK کو کراچی کے ساتھ link ہونے کی سب سے زیادہ ضرورت ہے۔

اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ چائنہ کی جس کمپنی نے ملتان سے سکھر تک motorway بنائی ہے، وہ واقعی میں بہت معیاری ہے اور جب ہم اس پر سفر کرتے ہیں تو ہم ڈیڑھ گھنٹہ میں سکھر پہنچ جاتے ہیں۔ میاں نواز شریف صاحب کا یہ ایک ایسا initiative تھا جس سے سارے ملک کو فائدہ پہنچا لیکن بدقسمتی سے، جس کا ہمیں بھی افسوس ہے، کہ یہ link نہیں بن سکا اور اگر بن جائے تو بہت اچھا ہے۔

اس کو آپ بے شک Standing Committee میں بھجوا دیں کہ وہ اس کو monitor کرے کیونکہ اب وقت ہے کہ جب بھی Standing Committee بنے اور اگر اس منصوبے کو سینیٹ monitor کرتی رہے گی تو یہ اس لحاظ سے بہتر ہے کہ سینیٹ میں تمام صوبوں کی نمائندگی موجود ہیں۔ یہ بہت ضروری ہے کہ اس کو monitor کیا جائے اور یہ عام شہری کی بھی خواہش ہے کہ یہ missing link جلد از جلد مکمل ہو۔ حکومت کی طرف سے پوری کوشش کی جا رہی ہے اور ہم پر امید ہیں کہ چھ ماہ کے اندر اس کا کوئی نہ کوئی result ضرور نکلے گا۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: جی اس پر sense of the House لیتے ہیں۔ کیا اس کو کمیٹی کو بھجوا دیں؟ جی ٹھیک ہے۔

The matter is referred to the Standing Committee.

(مداخلت)

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: دنیش کمار صاحب! اللہ نہ کرے کہ آپ ڈوبیں۔ عرفان صدیقی صاحب۔ ایک منٹ۔ آپ پہلے بات کر لیں۔ ان کا mic کافی دیر سے on ہے۔ جی دوست محمد صاحب۔

(مداخلت)

Madam Presiding Officer: It is the prerogative of the Chairman. Deputy Chairman came after I took over the seat to preside.

اس لیے آپ کا یہ اعتراض نہیں بنتا۔ پلیز آپ بات کریں۔

سینیٹر دوست محمد خان: جی بہت شکریہ چیئر مین صاحبہ۔

(مداخلت)

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: آپ انہیں بات کرنے دیں۔ یہ آپ کی پارٹی کے ہیں۔ انہیں بات کرنے دیں۔ آپ اپنی پارٹی کے بندے کو بات کرنے دیں۔ آپ ایک دوسرے کو ہی بات نہیں کرنے دیتے۔ جی آپ بات کریں۔

سینیٹر دوست محمد خان: جی بہت بہت شکریہ۔ یہاں پر پاکستان۔۔۔

(مداخلت)

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: آپ اپنی پارٹی کے لوگوں کو بات نہیں کرنے دے رہے۔ آپ لوگ آپس میں طے کر لیں کہ کس نے بات کرنی ہے۔ یہ آپ آپس میں طے کریں۔ جی شبلی فراز صاحب۔

سینیٹر سید شبلی فراز (قائد حزب اختلاف): کہ آپ کا لگتا نہیں ہے۔ ڈپٹی چیئر مین صاحب کو تو آپ نے بجھوادیا۔ دیکھیں، اس ایوان کو آپ مذاق نہ بنائیں۔ اس کی جو sanctity ہے اس کو damage نہ کریں۔ یہ کوئی طریقہ نہیں ہے کہ ڈپٹی چیئر مین، جن کا چیئر مین کی غیر موجودگی میں role ہوتا ہے، آپ نے ان کو بٹھا کر decoration piece بنادیا ہے۔

(T06 پر جاری ہے)

سینیٹر سید شبلی فراز (جاری۔۔۔: آپ نے ان کو decoration piece بنا دیا ہے۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: سینیٹر سید شبلی فراز صاحب! آپ نے notice نہیں کیا کہ

he has walked in after I took the Chair.

Senator Syed Shibli Faraz: Well, he was sitting here, I just saw him coming in.

Madam Presiding Officer: No, he was not sitting here.

Senator Syed Shibli Faraz: He was sitting here and the House certify.

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: آپ اپنی tone نیچی کریں۔

سینیٹر سید شبلی فراز: آپ کیسے بات کر رہی ہیں؟

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: میں ویسے ہی بات کر رہی ہوں جیسے آپ لوگ بات کر رہے ہیں۔

سینیٹر سید شبلی فراز: آپ کیمرے کی recording نکال لیں۔

(مداخلت)

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: سینیٹر دوست محمد خان صاحب! آپ بات کریں۔ The Chairman also has the prerogative, ان کا prerogative stand کرتا۔ انہوں نے Chair دی اور اس کے بعد Deputy Chairman صاحب آئے ہیں۔ آپ پیچھے مڑ کر نہ دیکھیں۔ Anyone else on the point of public importance, آپ بات کریں، ٹھیک ہے، آپ شور مچائیں۔ I choose to ignore you. آپ کے زمانے میں علی محمد کے علاوہ کتنے وزراء ہوتے تھے۔ سینیٹر رانا محمود الحسن صاحب کو mic دیں۔

سینیٹر رانا محمود الحسن: میرا mic on ہے لیکن میرے معزز اراکین بیٹھیں گے تو میں بات کروں گا۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: سینیٹر فاروق حامد نائیک صاحب کو mic دیں۔

سینیٹر فاروق حامد نائیک: اگر اجازت ہو تو میں بات کر لوں۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: جی آپ بات کریں۔ آپ لوگ Rule سن لیں، نہیں میں آپ کی غنڈہ گردی میں نہیں آتی، آپ یہ غنڈہ گردی کم کریں۔ ٹھیک ہے، ان کو اعتراض نہیں ہے۔ Please, allow him to talk سینیٹر فاروق حامد نائیک صاحب! آپ بات کریں،۔ یہ غنڈہ گردی بار بار نہیں چلتی، اس ایوان کو دھونس اور دھاندلی سے نہیں چلانے دیں گے۔

سینیٹر فاروق حامد نائیک: کون سے rule کی violation ہوئی ہے؟ چیئرمین سینیٹ list of presiding officers دیتے ہیں اور in the absence, it is prerogative of the Chairman کہ چیئرمین صاحب کسی بھی presiding officer کو کہہ سکتے ہیں کہ آپ اجلاس کو preside کریں اور اب آپ preside کر رہی ہیں، it is within the Rules of Senate Rules, there is no violation of any rule. یہ بتائیں کہ کونسا rule violate کیا گیا ہے، آپ یہ بتائیں۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: اس کا مقصد صرف disruption ہے، they will all speak کیونکہ ہم tax payers کے پیسوں سے یہاں پر بیٹھے ہیں تو ہم بات کریں گے۔ جی سینیٹر ضمیر حسین گھمرو صاحب! آپ بات کریں۔

سینیٹر ضمیر حسین گھمرو: جناب چیئرمین صاحب نے according to Rules Presiding Officers Panel announce کیا۔ جناب ڈپٹی چیئرمین صاحب ایک منٹ کے لیے کسی کام سے یہاں پر آئے اور پھر چلے گئے اور this is prerogative of the Chairman. You should continue the proceedings. میرے خیال میں یہ مذاق ہے کہ ایوان کو disturb کیا جا رہا ہے،.you should continue the proceedings.

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: نہیں، ان کی غنڈہ گردی میں آ کر adjourn کیوں کریں۔ میں یہ کہنا چاہوں گی کہ یہ ایوان اس طرح کی دھونس اور دھاندلی سے نہیں چلے گا اور anyone wants to speak تو ان کو mic دے دیں جو Point of Public Importance پر بات کرنا چاہیں تو براہ مہربانی بات کریں۔ دونوں اطراف سے کسی نے بات کرنی ہے تو آپ بات کریں۔ یہ ایوان دھونس اور دھاندلی سے نہیں چلے گا۔ آپ جس rule سے اس ملک پر بیٹھے تھے، آپ مجھے دھونس اور دھاندلی سے House adjourn کرنے پر نہیں مجبور کر سکتے ہیں۔ آپ لوگ جس rule سے یہاں پر آ کر چار سال بیٹھے تھے۔ آپ یہ حرکتیں چھوڑ دیں، میں جس Rule کے تحت بیٹھی ہوں تو میں بیٹھی ہوں۔ میں آپ لوگوں کی بدتمیزی سے یہاں سے ہلنے والی نہیں ہوں۔ Rule بتایا ہے، آپ لوگ چیخنا بند کریں اور Rule سنیں۔ نہیں، I will sit and chair till I want. Anyone else for a Point of Public Importance please. میں بالکل آپ کو بتانے کی پابند نہیں ہوں۔ یہ چیئرمین کا prerogative ہے، آپ یہاں پر دھونس، دھاندلی اور غنڈہ گردی نہیں کر سکتے۔ میں آپ سے عزت سے مخاطب ہوں، آپ اس بات پر کوئی اعتراض نہیں کر سکتے، بالکل نہیں کر سکتے، I refuse to be coward and bowed down, I refuse. میں آپ کی دھونس اور دھاندلی میں نہیں آؤں گی، بالکل نہیں آؤں گی۔ آپ بتائیں، آپ ایوان کو disrupt کیوں کر رہے ہیں، ہم یہاں پر tax payers کے پیسے سے بیٹھے ہیں، ہم اپنا وقت پورا کریں گے، آپ لوگ بے شک احتجاج کریں۔ سینیٹر عطاء الرحمٰن صاحب کو mic دیں۔

سینیٹر عطاء الرحمٰن: سینیٹر سید شبلی فراز صاحب! آپ مجھے ایک منٹ دیں، میں آپ کے حق میں بات کرتا ہوں۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ میں یہ گزارش کرنا چاہتا ہوں کہ ابھی پیپلز پارٹی کے ایک senior Parliamentarian نے کہا ہے کہ جناب چیئرمین صاحب نے Rules کے مطابق Panel of Presiding Officers کا اعلان کیا ہے اور وہ کسی کو بھی بلا سکتے ہیں۔ میں ان کی خدمت میں یہ گزارش کرنا چاہتا ہوں کہ Panel of Presiding Officers, Chairman and Deputy Chairman کے بعد شروع ہوتا ہے، نہ کہ جب Deputy Chairman موجود ہو تو آپ ان کی موجودگی میں Panel of Presiding Officers کے کسی آدمی کو لے آئیں۔

میڈم ! میں گزارش کروں گا کہ آپ مہربانی کرکے Deputy Chairman کو بلائیں، وہ اس Chair پر بیٹھیں تو یہ زیادہ بہتر ہوگا ورنہ پھر ہم اس رویے خلاف کے walk out کریں گے۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر : سینیٹر عطاء الرحمٰن صاحب ! میں ان کی education کے لیے کہوں گی کہ Presiding Officer presides under Rule-14 اور مجھے ان کو Chair دینے کے لیے کوئی اعتراض نہیں ہے۔ وہ بعد میں آئے ہیں اور جناب چیئرمین صاحب مجھے پہلے Chair پر بٹھا چکے تھے، اگر وہ بعد میں ایوان میں آئے ہیں۔آپ دیکھ لیں، میں اس بات کا ثبوت نہیں دے رہی، میں under Rule-14 بیٹھی ہوں۔Under the Rules of this House but the thing is کہ میں غنڈہ گردی سے آج تک نہ پیچھے ہٹی ہوں اور نہ میں آج ہٹوں گی، اگر کسی معزز رکن کو Point of Public Importance پر بات کرنی ہے تو وہ بات کر لیں۔ان کو اعتراض نہیں ہے، آپ بیٹھ جائیں۔ جی سینیٹر بلال احمد خان صاحب ! آپ بات کریں۔

سینیٹر بلال احمد خان : میڈم پریذائیڈنگ آفیسر صاحبہ ! میں حزب اختلاف کے معزز اراکین سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ وہ جس طرح چیخ اور چلا رہے ہیں، اگر وہ کوئی ایک rule or order بتا دیں جس تحت وہ چیخ اور چلا رہے ہیں تو ہم ان کے چیخنے کو سن لیں گے۔ وہ اگر اس ایوان کو ایک مچھلی بازار بنا رہے ہیں تو مجھے ان کے اس رویے پر بہت افسوس ہو رہا ہے۔۔۔آگے۔۔۔T07

T07-07June2024 Tariq/Ed: Waqas. 11:40 am

سینیٹر بلال احمد خان : ۔۔۔جاری۔۔۔اگر وہ اس ایوان کو صرف مچھلی بازار بنا رہے ہیں تو مجھے ان کے اس رویے اور ان کی اس سیاست پر بہت افسوس ہو رہا ہے۔ ان کی اس سوچ پر بھی مجھے بہت افسوس ہو رہا ہے جسے یہ لوگ پروان چڑھا رہے ہیں۔ اس رویے اور سوچ کو دیکھ کر مجھے تو لگتا ہے کہ یہ لوگ اس system کو چلانا ہی نہیں چاہتے ہیں۔ اس وقت اپوزیشن جس بات پر چیخ رہی ہے اگر ہمارے ڈپٹی چیئرمین صاحب اس وقت ہال میں موجود ہیں تو definitely آپ کو یہاں پر نہیں بیٹھنا چاہیے لیکن اگر وہ ہال میں موجود نہیں ہیں جس طرح سے ہمارے چیئرمین صاحب بھی موجود نہیں ہیں تو اپوزیشن ممبران کو چیخنے چلانے کی ضرورت نہیں ہے۔ ان کا چیخنے چلانے کا کوئی حق نہیں بنتا ہے۔ اگر ان کے پاس کوئی rule ہے تو وہ ہمیں دکھا دیں اور اپوزیشن اگر یہ چاہتی ہے کہ چیئرمین صاحب یا ڈپٹی چیئرمین صاحب اس وقت ہال میں موجود نہیں ہیں لیکن پھر بھی انہیں بلایا جائے، انہیں یہاں بلا کر ان سے ہاؤس Chair کروایا جائے تو میرا نہیں خیال کہ یہ لوگ اس ایوان کو proper طریقے سے

چلا رہے ہیں۔ میڈم اگر آپ کو چیئرمین صاحب نے یہ ذمہ داری دی ہے تو یہ کس rule کے تحت آپ پر اعتراض کر رہے ہیں۔ میں ان سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ براہ مہربانی ہمیں وہ rule بتائیں، یہ اس rule کے تحت چیخیں چلائیں جو انہیں وہ حق دے رہا ہے اگر ان کے پاس وہ rule نہیں ہے اور پچھلی حکومتوں کی طرح صرف چیخنا، چلانا اور رونا دھونا ہے تو ان کے لیے یہ بہت افسوس کی بات ہے۔

(مداخلت)

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: جی ناصر بٹ صاحب۔ Mic ناصر بٹ صاحب کو دیجیئے۔

سینیٹر ناصر محمود: براہ مہربانی میرا mic کھول دیں۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: جی آپ بولیے۔

سینیٹر ناصر محمود: مجھے بات کرنے کی اجازت ہے۔ ابھی کل ہی ادھر ہمیں سیکرٹری سینیٹ صاحب نے بڑے rules بتائے ہیں کہ ایسے بد تمیز لوگ جب آئیں تو ان کو یا تو آپ تھوڑا سا easy چھوڑ دیں یا آرام کریں۔ اب دیکھیں یہ کیا کر رہے ہیں؟ ان کو کچھ چاہیے۔ ان سے پوچھیں کہ آپ آرام سے کیوں نہیں بیٹھتے ہیں۔ آپ چار بندے ہیں، آپ کو کیا چاہیے، بتائیں؟ کرسی پر بیٹھنا ہے؟ کس نے کرسی پر بیٹھنا ہے اس کا نام بتائیں۔ آپ کو کیا چاہیے؟ آپ نے اگر ادھر آنا ہے تو یہاں آ کر ہمارے ساتھ بیٹھیں۔ ان کو کچھ نہیں چاہیے، انہیں صرف شور چاہیے اور آپ نے کرسی نہیں چھوڑنی ہے، ہم آپ کے ساتھ کھڑے ہیں۔

(مداخلت)

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: آ گئے جس کام کے یہ ماہر ہیں۔ سینیٹر طلال چوہدری صاحب۔

(مداخلت)

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: ایوان تو اپنے مقررہ وقت تک چلے گا۔ ان کی اصلیت دیکھ لیں۔ جی طلال صاحب، آپ بولیے۔

(مداخلت)

سینیٹر محمد طلال بدر: میں تو Opposition Leader کا اور PTI کا شکریہ ادا کرنا چاہ رہا ہوں جن کو (ن) لیگ کے ڈپٹی چیئرمین سے اتنی محبت ہے اور انہوں نے صرف احتجاج کرنا ہوتا ہے، کوئی موقع نہیں دیکھتے، کوئی rule نہیں دیکھتے کیونکہ اجلاس بہت دنوں کے بعد ہوا ہے، احتجاج کرنا ہے اور صرف galleries سے کھیلنا ہے۔

**(مداخلت)**

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: شکریہ۔

The House stands adjourned to meet again on Monday, the 10th June, 2024 at 05:00 p.m.

-------------------

*(The House was then adjourned to meet again on Monday, the 10th June, 2024 at 05:00 p.m.)*

-------------------